مطبوعات

اسلام کا نظام سیاست و عدالت

از جناب مولوی یعقوب الرحمٰن صاحب عثمانی۔ قیمت مجلد ۱۲؍

شائع کردہ نفیس اکیڈیمی۔ عابد روڈ۔ حیدرآباد، دکن۔

اس کتاب کے عنوان میں ایک سلیم الطبع مسلمان کے لیے خاصی جاذبیت موجود ہے اور نئی نسل جو اسلامی فکر و حکمت کے سرچشموں کی طرف پلٹ پلٹ کر دیکھ رہی ہے، اس قسم کے موضوعات پر پڑھنے کا سامان چاہتی ہے۔ مگر افسوس اس بات پر ہے کہ ناشرین اور مصنفین نوجوانوں کے اس ذوق کے ساتھ انصاف نہیں کر رہے ہیں بلکہ سرمایہ دارانہ اور تاجرانہ انداز سے اپنے گاہکوں کی ہر پیاس کو بھانپ کر گھٹیا سے گھٹیا سامان نوش سے ان کی تسکین کرنا چاہتے ہیں۔ پیش نظر کتاب ممکن ہے کہ مصنف نے خلوص سے لکھی ہو اور پبلشر نے خالص ذوق اسلامی کے تحت اسے شائع کیا ہو مگر اس کے باوجود یہ حقیقت ہے کہ جتنا عظیم الشان عنوان کتاب پر ثبت ہے، اس کا حق ادا کرنے کے لیے اس کی شان سے دسواں حصہ محنت و تحقیق سے بھی کام نہیں لیا گیا۔ اس سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ ان اوراق میں اسلام کے علمائے متقدمین کی کتابوں میں سے بہت سے علمی نکات بھی اخذ کر کے سجائے گئے ہیں، اور مسلمانوں کی تاریخ کے بعض اجزا بھی آراستہ کیے گئے ہیں اور بہت سے مفید حوالے بھی جمع ہیں، مگر محض اتنے سے کام تمام تحقیق نہیں ہے۔ صاحب کتاب نہ تو اس عنوان کے متعلق اہم مباحث کا تعین کر سکے ہیں، نہ بحث میں کوئی ترتیب ہے اور نہ استدلال و استنباط ہی میں کوئی خوبی پائی جاتی ہے۔ بس کچھ مواد ہے جو ایک دردمند اسلام نے کاغذ کے میدان میں بکھیر دیا ہے۔

حکومت الٰہیہ اور علماء و مفکرین

مرتبہ جناب ابو محمد امام الدین صاحب رام نگری۔ صفحات ۲۰۰

قیمت مجلد مع رنگین گرد پوش ۱؍

یہ کتاب دراصل ایک مجموعۂ مضامین ہے جو مسلمانوں کے مختلف علماء اور مصنفین کے قلموں سے ایک ہی معنی و مدعا کی وضاحت کے لیے نکلے ہیں۔ یہ گویا ہمارے اہل قلم حضرات کی ایک متفقہ دعوت اور ایک